اپنی نسلی اقلیتی کمیونٹی کی مدد کرنا

بہت سی نسلی اقلیتیں (EMs) ہانگ کانگ میں نسلوں سے ہیں، اور ہانگ کانگ کی تاریخ میں اہم کردار ادا کیا ہے ۔ EMs روایتی طور پر ہانگ کانگ کے خاندان میں اچھی طرح آباد ہوئے ہیں، اور کمیونٹی کا کافی حد تک حصہ ہیں ۔

حکومت بہتر کردہ اقدامات تعلیم، ملازمت اور کمیونٹی تک رسائی میں متعارف کرارہی ہے تاکہ EMs کی مدد کی جاسکے، خاص طور پر نوجوان نسل اور نو آمد افراد، زیادہ آسانی سے کمیونٹی کے ساتھ ہم آہنگ ہو سکیں ۔

تعلیم

چائینیز زبان سیکھنے کے لیے EM طلباً کو جامع امداد فراہم کرنا

- غیر چائینیز بولنے (NCS) والے طلباً اپنی خواہشات اور چائینیز زبان میں صلاحیت کے مطابق مختلف راستوں کا انتخاب کرسکتے ہیں ۔ تعلیمی سال 2014/15 سے، محکمہء تعلیم "چائینیز زبان کا نصاب بطور ثانوی زبان سیکیھنے کی ساخت" بمع سیکھنے کی معاونت اور تدریسی مواد فراہم کرے گا۔ یہ خصوصی ضروریات کے مطابق بنایا گیا ہے تاکہ پرائمری اور سکینڈری اسکولوں میں NCS طلباً کی چائینیز بطور ثانوی زبان سیکھنے میں مدد کی جاسکے اس نظریہ کے ساتھ کہ عمومی چائینیز زبان کی کلاسوں تک رسائی کو آسان بنایا جائے ۔
- عملی طور پر سیکھنے کے عمل (چائینیز زبان) کی فراہمی اس مقصد کے ساتھ کہ سینیئر سکینڈری لیول پر قابلیتی ساخت (QF) کے لیول 3-1 کے ساتھ جوڑا جائے ۔ ان نتائج کو ہانگ کانگ ڈپلومہ آف سکینڈری ایجوکیشن (HKDSE)میں شامل کیا جائے گا ۔
- جنرل سرٹیفکیٹ آف سکینڈری ایجوکیشن (GCSE) ، انٹرنیشنل جنرل سرٹیفکیٹ آف سکینڈری ایجوکیشن (IGCSE) اور جنرل سرٹیفکیٹ آف ایجوکیشن (GCE) کے تحت چائینیز کے امتحانات میں بیٹھنے کے لیے NCS طلباً رعائتی اسکیم میں شرکت کرسکتے ہیں ۔ نتائج بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ ہیں اور مقامی بعد از سکینڈری اداروں اور یونیورسٹیوں میں داخلہ کے لیے متبادل چائینیز قابلیت کے طور پر بھی قبول کیے جاچکے ہیں ۔
- اسکیمیں جن کے لیے گزشتہ طور پر کمیونٹی کی نگہداشت کے لیے فنڈ نے عطیات فراہم کیے تھے تاکہ کم آمدن خاندانوں میں سے اسکول نہ جانے والے EMs اور مین لینڈ سے نوآمد افراد کی زبان کے امتحانات اور ملازمین کی تربیتِ ثانیہ کے بورڈ (ERB) کے مختص کردہ زبان سیکھنے کے کورسوں میں شرکت کے لیے مالی امداد فراہم کی جاسکے، انہیں باضابطہ بنادیا گیا ہے ۔
- اسکول چھوڑنے والوں کے لیے QF تحت تسلیم شدہ پیشہ ورانہ چائینیز زبان کے کورسوں کی ترویج و ترقی ۔
- تعلیمی سال 2014/15 میں اسکولوں کے لیے اضافی عطیاتی امداد میں نمایاں اضافہ تاکہ سیکھنے کے نئے طریقہ کار کی ساخت کے نفاذ کو آسان بنایا جائے، 2013/14 کے مقابلے میں قریباً 200% کا اضافہ پیش کیا جا رہا ہے ۔ (تعلیمی سال 2013/14 سے، NCS طلباً کے لیے اضافی عطیات اسکول کی طرف سے امداد کے سلسلے میں تمام ایسے اسکولوں کو فراہم کیے جاچکے ہیں جنہوں نے 10 یا زیادہ NCS طلباً کو داخلہ دیا ہے سوائے صرف نام نہاد "مختص کردہ اسکولوں" کے ۔) اس اقدام سے برائے راست قریباً 15000 طلباً فائدہ اٹھائیں گے ۔
- 2014 کی پہلی سہ ماہی میں پیشہ ورانہ بہتری کی گرانٹ اسکیم کا آغاز تاکہ چائینیز اساتذہ کی چائینیز بطور ثانوی زبان پڑھانے کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو بہتر کیا جاسکے ۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ نفاذ کے ابتدائی تین سالوں کے دوران، تقریباً 450 اساتذہ اسکیم سے فائدہ اٹھائیں گے ۔ اس کے ساتھ ہی، NCS طلباً کو داخلہ دینے والے 500 اسکولوں کے 2000 اساتذہ کو چائینیز بطور ثانوی زبان پڑھانے کے بارے میں مزید تربیتی کورس اور تجربات کے تبادلہ کے مواقع فراہم کیے جائیں گے ۔
- قبل از پرائمری مرحلہ میں اپنے بچوں کو چائینیز سیکھنے کا آغاز کرنے کی اجازت دینے کے لیے NCS والدین کی حوصلہ افزائی کرنا ۔ یہاں پر اضلاع کے حساب سے منصوبے / پروگرام ہیں تاکہ 3-9 سال کی عمر کے NCS طلباً کی تفریحی سرگرمیوں کے ذریعہ چائینیز سیکھنے کی حوصلہ افزائی کی جائے ۔ NCS والدین کو بھی سمر بریجنگ پروگرام میں شرکت کی دعوت ہے اپنے ان بچوں کے ساتھ جو پرائمری 1 میں داخل ہو رہے ہیں , یا پرائمری 2,3 یا 4 کی طرف بڑھ رہے ہیں ۔

"جب میں پہلی دفعہ ہانگ کانگ آیا اور ایک قریبی اسکول میں پرائمری 1 کے وسط میں داخل ہوا، تو میں صرف اردو بولتا تھا۔ خوش قسمتی سے، میرے چائینیز استاد نے اسکول کے بعد ریڈیو سننے اور TV دیکھنے کے ذریعہ مزید چائینیز الفاظ سیکھنے میں میری مدد کی ، جسے میں نے بہت پسند کیا ۔ میں بہت خوش ہوں کہ میں اپنے چائینیز ہم جماعتوں کے برابر آ گیا ۔ اب، میں عمومی کمرہ جماعت میں زیر تعلیم ہوں اور اگلے سال سکینڈری 1 میں جارہا ہوں ۔" **خان ثاقب**

ملازمت

سرکاری اور نجی حلقوں میں EMs کے لیے ملازمت کے مواقع بڑھانا

سرکاری ملازمتیں

- اقدامات کا نفاذ تاکہ سرکاری حلقوں میں EMs کے لیے ملازمت کے مواقعوں تک یکساں رسائی کو یقینی بنایا جائے ۔ ان اقدامات میں چائینیز زبان کی صلاحیت کی شرائط اور متعلقہ سرکاری ملازمت کے بھرتی کے طریقہ کار پر نظرثانی اور ان میں مطابقت پیدا کرنا شامل ہیں، اس بنیاد پر کہ مطابقت پیدا کی گئی شرائط / طریقہ کار کے باوجود فرائض کی اطمینان بخش کارکردگی جاری رہے گی ۔
- پولیس سپاہیوں کے لیے بھرتی ٹیسٹ میں تبدیلی کی گئی ہے، امیدواروں کو چائینیز کے ساتھ انگریزی لکھنے کی شرط بھی عائد کی گئی ہے ایسے حالات میں جن میں پولیس کے عوامل سرانجام دینے ہوں ۔ غیرملکی / نسلی زبان میں مہارت کے حامل امیدواروں کو اضافی نمبر دیے جائیں گے ۔
- پولیس کمیونٹی لیئیزن اسسٹنٹ کے طور پر EMs کو شامل کیا گیا ہے تاکہ EM کمیونیٹیز کے ساتھ رابطہ بہتر کیا جائے ۔ اس وقت تک، 14 پولیس اضلاع میں 15 پولیس کمیونٹی لیئیزن اسسٹنٹ تقرریاں میں ہیں ۔
- کوریکشنل سروسز ڈیپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ آفیسر II کے لیے بھرتی کے طریقہ کار میں تبدیلی کرکے چائینیز کے تحریری ٹیسٹ کو گروپ انٹرویو سے بدل دیا گیا ہے ۔
- دیگر نظم و ضبط سے متعلق خدمات، جیسا کہ گورنمنٹ فلائنگ سروس اور فائر سروسز ڈیپارٹمنٹ، چائینیز زبان کی صلاحیت کے لیے شرائط یا بھرتی کے طریقہ کار میں مطابقت کے لیے اقدامات کرہے ہیں ۔

"مجھے پولیس کے کام کے بارے میں سب سے پہلے یون لانگ جونیئر پولیس کال کے ذریعہ معلوم ہوا اور اس کے بعد پولیس کمیونٹی لیئیزن اسسٹنٹ کی نوکری مل گئی ۔ مجھے اپنے تجربات کا غیر نسلی چائینیز کمیونٹی کے ساتھ تبادلہ کرنے اور کمیونٹی کو شامل کرنے کے کام میں سرگرم کردار ادا کرنے کی خوشی ہے۔"
محمد حینا رضوان

نجی حلقوں میں ملازمت

- تمام لیبر ڈیپارٹمنٹ (LD) ملازمت مراکز میں مخصوص کاؤنٹرز ہیں جو EMs کو ملازمت کے لیے حوالہ جات کی خدمات فراہم کرتے ہیں ۔ خصوصی ضروریات کے مطابق بریفنگز کا باقاعدگی سے انعقاد کیا جاتا ہے تاکہ EMs کی مقامی ملازمت مارکیٹ کو سمجھنے اور نوکری تلاش کرنے کی صلاحیتوں میں بہتری پیدا کرنے میں مدد کی جائے ۔ EMs مشیر ملازمت سے مل کر مشورہ لے سکتے ہیں اور خصوصی ملازمت کی خدمات حاصل کرسکتے ہیں ۔
- LD مناسب آسامیاں EMs کے لیے حاصل کرتا ہے اور EMs کے لیے ملازمت کو محفوظ کرنے کے لیے ملازمت میلوں کا انعقاد کرتا ہے ۔
- ERB مخصوص تربیتی کورس انگریزی زبان میں EMs کے لیے پیش کرتا ہے تاکہ ان کی ملازمت سے متعلق ضروریات کو پورا کیا جاسکے ۔ EMs کے ملازمت مارکیٹ میں داخلہ میں مدد کے لیے، ERB تربیتی حکام کُل وقتی بمع تعیناتی کورسز مکمل کرنے والوں کے لیے بعد از تعیناتی خدمات فراہم کرتے ہیں۔
- کنسٹرکشن انڈسٹری کونسل (CIC) تشہیری سرگرمیاں پیش کررہی ہے اور کنسٹرکشن انڈسٹری کے ساتھ مل کر نئے EM کو مائل کرنے کے لیے ملازمت میلوں کا انعقاد کررہی ہے، اور موجودہ کام کرنے والے EM مزدوروں کو صلاحیتیں بڑھانے والے تربیتی کورسوں میں شرکت کے لیے مائل کرتی ہے ۔

"گزشتہ سال CIC کی طرف سے دھاتی باڑ باندھنے کے تربیتی کورس میں شرکت کے لیے میں مائل ہوا ۔ میں نے دھاتی باڑ باندھنے کی مہارت حاصل کی ۔ اب، میں ایک اندراج شدہ نیم ماہر کارکن ہوں اور اپنے کام سے کافی مطمئن ہوں ۔"
گیڈو جاز

نسلی اقلیتوں کے لیے امداد

سرکاری تعلیم

باہمی رضامندی کو مضبوط بنانا اور امتیازی سلوک کی مخالفت کو فروغ دینا

- مختلف اقلیتوں کی ثقافت اوررسم رواج کو سمجھنے کے بارے میں عوامی شعور کو اجاگر کرنے میں RTHK کی جانب سےTV دستاویزی فلم سیریز اوراسکول سے ملحقہ معاشرے سے روابط بڑھانے کے پروگراموں‌میں تعاون کرنا۔
- امتیازی سلوک کی مخالفت کو فروغ دینے کےلیے کمیشن برائے یکساں مواقع (EOC) کے زیر اثر مخصوص EM ٹاسک فورس کا قیام

"بحثیتِ ڈائریکٹر ایچ ار ڈائنیمک انٹرنیشنل میڈیا گروپ میں واضع طور پرمتنوع نسلی پس منظر رکھنے والے عملے کے فوائد اورقدر و قیمت کو شناخت کرسکتی ہوں ۔ ہم بھرپو طریقے سے آرڈیننس برائے نسلی امتیازی سلوک کی حمایت کرتے ہیں جو کہ نسلی اقلیتوں سے امتیازی سلوک کو روکتا ہے۔"
ملڈرڈ او یونگ

مستقبل میں...

حکومت آئندہ ایک سال میں مندرجہ بالا پروگراوں پر عملدرآمد کے لیے ایک اضافی 200 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کررہی ہے ۔ متفقہ کوششوں کےساتھ ، همارا مقصد ہے کہ همارے معاشرے کےEM اراکین کی صلاحیتوں کو بروئےکار لایا جائے اور تمام لوگوں کے لئے ہانگ کانگ کو ایک ہم آہنگ معاشرہ بنایا جاسکے

مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی متعلقہ محکموں سے رابطہ کریں.

تعلیم :	3540 7447	(محکمہ تعلیم)
ملازمت :	2810 2639	(سول سروس بیورو)
	2860 2860	(ہانگ کانگ پولیس فورس)
	2717 1771	(لیبر ڈیپارٹمنٹ)
	182 182	(ملازمین کی تربیت ثانیہ کا بورڈ)
	2100 9101	(کونسل برائے تعمیراتی صنعت)
کمیونٹی تک رسائی :	2835 1747	(شعبہء امور داخلہ)
	2860 6157	(ہانگ کانگ پولیس فورس)
صحت :	3509 8765	(محکمہء خوراک و صحت)
سرکاری تعلیم:	2810 2059	(آئین اور مین لینڈ کے معاملات کا ادارہ)

چیف سیکریٹری برائے اعلی انتظامیہ اور متعلقہ بیورو
جنوری 2014

Designed by the Information Services Department
Printed by the Government Logistics Department
Hong Kong Special Administrative Region Government
(Printed with environmentally friendly ink on recycled paper)

Urdu Version

"کئی سال پہلے جب میں پہلی بار ہانگ کانگ آیا تھا تو کینٹونیز میرے لیے ایک بڑامسئلہ تھا EMs کے خدمت کے حمایتی سینٹر کے بارے میں TV پروگرام کے توسط سے انکشاف ہوا اور میں فوری طور پرانکی خدمات کی جانب متوجہ ہوا ۔ وہاں پر میں نے انگلش اور کینٹونیز کی کلاسیں لیں ۔ ان خدمات نے میری روزمرہ زندگی میں بہت زیادہ مدد کی اور اب میں اس قابل ہو چکا ہوں کہ میں چائنیز لوگوں سے سادہ کینٹونیز میں بات کر سکتا ہوں " ۔ **راجو شام داسانی**

صحت

اس بات کو یقینی بنانا کہ EMs کوسرکاری صحت کی خدمات تک رسائی کو زبان کی رکاوٹ کی بناء پر انکار نہ کیا جائے

- ہسپتال اتھارٹی کے ماتحت اب EM مریضوں کے لیے 17 زبانوں میں سرکاری ہسپتالوں اور کلینك میں ترجمانی کی سہولت اب میسر ہے اور کلینك میں ترجمانی کی سہولت اب میسر ہے

"جب میں نسلی اقلیتی گرو سے تعلق رکھنے والے کسی مریض کو دیکھتا تھا تو زبان کی رکاوٹ کی وجہ سے بعض اوقات ان سے با ت کرنے میں مشکل ہوتی تھی ۔ مجھے یہ جان کر خوشی ہونی تھی جب پہلی مرتبہ مجھے معلوم ہوا تھا کہ فون پر اور چہرہ بہ چہرہ کی خنمت کےلیے ترجمان کا بندوبست کیا جاسکتا ہے ، بات چیت بہت آسان ہو گئی ہے ۔ میں اب انکی صحت کے بارے میں بہترطور پر جان سکتا ہوں اور وہ بھی علاج کے متعلق بہترطور پر سمجھ سکتے ہیں۔"
ڈاکٹر پون

کمیونٹی تک رسائی

EMs کی خدمت کے حمایتی مرکز کو مضبوط کرنا تاکہ وہ معاشرے میں بہتر طریقے سے ضم ہو سکیں

- EMs کی خدمت کےلیے ایک نئے حمایتی سینٹر کا کوائی شنگ میں قیام تاکہ ضرورت کے عین مطابق ،کلاسیں ،مشاورت اور ہم آہنگی کے پروگرام مہیا کرانا۔ اسکی بدولت چھ خدمت کے حمایتی مراکز اورساتھ دو ذیلی مراکز کا قیام
- تمام خدمت کے حمایتی مراکز میں EMs نوجوانوں کے لیے یوتھ یونٹ کا قیام اور ذیلی مراکز میں مختص پروگرام جیسے کہ کھیل اورثقافتی سرگرمیوں کے ذریعے EMs نو جوانوں کی شخصی تعمیر کرنے میں مدد کرنا
- یوتھ ایمبیسڈر اسکیم کےنفاذ کے ذریعے نسلی اقلیتی ثقافت اور زبان سے واقفیت رکھنے والے چھ کُل وقتی اور30 جزُو وقتی ایمبیسڈر شامل کیے جائینگے اور اُن ہی کے جیسا پس منظر رکھنے والوں کو EMs نوجوانوں تک رسائی کے ذریعے اُن کے تجربات کا اشتراك کرنااور ضرورت کے مطابق رائے دینا اورحوالہ مہیا کرنا۔
- EM زبان اور ثقا فت سے واقفیت رکھنے والے پانچ اضافی افراد کو بھرتی کرکے شعبہ امور داخلہ افردی قوت کو مضبوط کرے گا تاکہ اِن اقدامات کو نافظ کیا جاسکے ۔
- جونئیر پولیس کال (JPC) جنکے پاس پہلے سے1900 EM اراکین ہیں، وہ بدستور EM نوجوانوں کو شامل ہونے کی حوصلہ افزائی کرنا جاری رکھے گا اورترغیب دیگا تاکہ وہ اپنی قائدانہ صلاحتیں اجاگرکرنے میں مدد کرے گا اور JPC سرگرمیوں اور ٹریننگ کے ذریعے مثبت اقدار پیدا کر سکیں۔ اگلے پانچ سالوں میں EM اراکین کی تعداد 2500 تك بڑھا نا ہدف ہے ۔